# Ta'līm Paper – 4th Quarter 2023 (ربیع الاول تا جمادی الاول۔ اخاء تا فتح۔ اکتوبر تا دسمبر)

نام____________________ مجلس____________________ ممبر کوڈ__________ ٹوٹل نمبر (۱۰۰)

## حصہ اول: قرآن کریم۔ سلیبس: چھٹا پارہ چوتھا ربع

درج ذیل آیات کے صحیح ترجمے ملائیں؟

| | |
|---|---|
| A | وَاِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿۶۲﴾ |
| B | وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۳﴾ |
| C | لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۶۴﴾ |

1. اور جب وہ تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے حالانکہ وہ کفر کے ساتھ ہی (تمہارے اندر) داخل ہوئے تھے اور اس کے ساتھ ہی باہر نکل گئے۔ اور اللہ اس کو سب سے زیادہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں۔
2. کیوں نہ ربّانیوں نے اور (کلامُ اللہ کی حفاظت پر مقرر) علماء نے انہیں گناہ کی بات کہنے اور ان کے حرام کھانے سے روکا۔ یقیناً بہت ہی برا ہے جو وہ کیا کرتے تھے۔
3. اور تُو ان میں سے اکثر کو گناہوں اور بے اعتدالیوں اور ان کے حرام مال کھانے میں ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر کوشش کرتا ہوا پائے گا۔ یقیناً بہت ہی بُرا ہے جو وہ عمل کرتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| . A3, B1, C2 | . A1, B3, C2 | . A2, B3, C1 |

مندرجہ ذیل عربی لفظ کا صحیح ترجمہ منتخب کریں۔

| | يَّرْتَدَّ | | مِنْكُمْ | | وَلِيُّكُمُ | | يَّتَوَلَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | پاک | ا | حسد | ا | پاک | ا | سلطنت |
| ب | مسئلہ | ب | تم روکے جاتے ہو | ب | تمہارا دوست | ب | دوستی کرے گا |
| ج | وہ مرتد ہوگا | ج | نہ آرزو کرو | ج | بنانے والیاں | ج | وہ صلیب پر چڑھائے جائیں |
| د | ثواب | د | تم میں سے | د | زیادتی | د | انصاف |
| | دِيْنِكُمْ | | لَعِبًا | | قَبْلِكُمْ | | تَنْقِمُوْنَ |
| ا | تمہارا دین | ا | فضیلت، معرفت | ا | خوش ہونا | ا | زخم (جمع) |
| ب | طوعی | ب | مالِ حرام کو | ب | ڈرانا | ب | تم طعن کرتے ہو |
| ج | طویل | ج | کھیل تماشہ | ج | تم سے پہلے | ج | نابالغ |
| د | کامل حیات | د | اعتدال | د | مجھ سے ڈرو | د | غیر سنجیدہ |
| | مَثُوْبَةً | | السُّحْتَ | | | | |
| ا | قیام | ا | سمجھدار | | | | |
| ب | ہم نے پیچھے بھیجا | ب | حرام | | | | |
| ج | وہ پیروی کرتے ہیں | ج | پوری طرح جھکنا | | | | |
| د | بدلہ | د | انہوں نے چھپایا | | | | |

## حصہ دوم: حدیث۔ سلیبس: حدیقۃ الصالحین (حدیث نمبر 159 صفحہ 187)

مندرجہ ذیل حدیث کا صحیح ترجمہ منتخب کریں

**سوال:**

عَنِ الْحَارِثِ الْاَ شْعَرِيِّ ، أَنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ أَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا عَلَيْهِمَا السَّلَامُ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ،... وَأَنَا آمُرُكُمْ بِخَمْسٍ اللهُ أَمَرَنِي بِهِنَّ بِالْجَمَاعَةِ ، وَالسَّمْعِ، وَالطَّاعَةِ ، وَالْهِجْرَةِ، وَالْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللهِ، فَإِنَّهُ مَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مَنْ عُنُقِهِ إِلى أَنْ يَرْجِعَ ، وَمَنْ دَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ ، فَهُوَ مِنْ جُثَا جَهَنَّمَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ، وَإِنْ صَامَ، وَصَلَّى ، قَالَ وَإِنْ صَامَ، وَصَلَّى، وَزَعَمَ أَنَّهُ مُسْلِمٌ، فَادْعُوا الْمُسْلِمِينَ بِمَا سَمَّاهُمُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ الْمُسْلِمِينَ الْمُؤْمِنِينَ عِبَادَ اللهِ عَزَّوَجَلَّ۔

| | |
|---|---|
| A. | حضرت حارث اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ نبیؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے حضرت یحیٰ بن زکریا علیہما السلام کو پانچ باتوں کا حکم دیا تھا۔۔۔اور میں بھی تم کو ان پانچ باتوں کا حکم دیتا ہوں جن کا اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے۔ ۱۔جماعت کے ساتھ رہو۔ ۲۔امام وقت کی بات سنو۔ ۳۔اور اس کی اطاعت کرو۔ ۴۔دین کی خاطر وطن چھوڑنا پڑے تو وطن چھوڑ دو۔ ۵۔اور اللہ کے راستہ میں جہاد کرو۔ پس جو شخص جماعت سے تھوڑا سا بھی الگ ہوا اس نے گویا اسلام سے گلو خلاصی کرالی۔ سوائے اس کے کہ وہ دوبارہ نظام جماعت میں شامل ہو جائے۔اور جو شخص جاہلیت کی باتوں کی طرف بلاتا ہے وہ جہنم کا ایندھن ہے۔ صحابہ نے عرض کیا۔اے اللہ کے رسولؐ! خواہ ایسا شخص نماز بھی پڑھتا ہو اور روزہ بھی رکھتا ہو۔آپؐ نے فرمایا ہاں خواہ وہ نماز بھی پڑھے اور روزہ بھی رکھے اور اپنے آپ کو مسلمان بھی سمجھے لیکن اے اللہ جل شانہ، کے بندو! یہ بات یاد رکھو کہ (اس صورت حال کے باوجود) جو لوگ اپنے آپ کو مسلمان کہیں انہیں تم بھی مسلمان کہو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے (تعین کے لیئے) اس امت کا نام مسلمان اور مومن رکھا ہے (اس لیئے سرائر کو تم حوالہ بخدا کرو) |
| B | حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تمہیں سچ اختیار کرنا چاہئے کیونکہ سچ نیکی کی طرف رہنمائی کرتا ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے۔ انسان سچ بولتا ہے اور سچ بولنے کی کوشش کرتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے ہاں صدیق لکھا جاتا ہے۔ تمہیں جھوٹ سے بچنا چاہئے کیونکہ جھوٹ فسق و فجور کا باعث بن جاتا ہے اور فسق و فجور سیدھا آگ کی طرف لے جاتے ہیں۔ ایک شخص جھوٹ بولتا ہے اور جھوٹ کا عادی ہو جاتا ہے یہاں تک کہ اللہ کے ہاں کذّاب یعنی جھوٹا لکھا جاتا ہے۔ |

## حصہ سوم: کتب۔ سلیبس: ''نشانِ آسمانی'' تصنیف حضرت مسیح موعود علیہ السلام

**سوال:** حضرت مسیح موعودؑ کی نسبت مجذوب گلاب شاہ نام کی پیشگوئی کون سی کتاب میں شائع ہو چکی ہے؟(صحیح جواب منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | براہینِ احمدیہ حصہ اول |
| B. | ازالہ اوہام |
| C. | ہماری تعلیم |
| D | رسالہ الوصیت |

**سوال:** حضرت مسیح موعودؑ کی نسبت ایک اور پیشگوئی ایک قصیدہ میں درج ہے۔ وہ قصیدہ کس نے لکھا ہے؟(صحیح جواب منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | سید احمد صاحب |
| B. | علامہ اقبال |
| C. | نعمت اللہ |
| D. | گلاب شاہ |

**سوال** انسان کب خدا تعالیٰ کے نزدیک روح اللہ ہو جاتا ہے اور آسمان میں اُس کا نام عیسیٰ رکھا جاتا ہے؟.(صحیح جواب منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | جب انسان تبتل الی اللہ میں ایسا کمال حاصل کرے جو فقط روح رہ جائے۔ |
| B. | جب انسان متقی بن جاتا ہے |
| C. | جب انسان باقاعدگی کے ساتھ تہجد کی نماز پڑھتا ہے۔ |
| D. | جب انسان روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرتا ہے۔ |

**سوال** آنحضرتؐ کئی مہدیوں کی خبر دیتے ہیں۔ منجملہ ان کے وہ مہدی بھی ہے جس کا نام حدیث میں۔۔۔رکھا گیا ہے (خالی جگہ پُر کریں)

| | |
|---|---|
| A. | مہدی موعود |
| B. | سلطان القلم |
| C. | سلطانِ مشرق |
| D. | سلطانِ مغرب |

**سوال:** نعمت اللہ ولی کے اس شعر میں کیا اشارہ ملتا ہے۔"سو وہ ہاتھ ایسا ہو گا کہ گویا وہ ذوالفقار علی کرم اللہ وجہہٗ ہے جو پھر ظاہر ہو گئی ہے (صحیح جواب منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | وہ امام سلطان القلم ہو گا اور اس کی قلم ذوالفقار کا کام دے گی |
| B. | حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ |
| C. | ذوالفقار علیؓ |
| D. | کتاب الولی ذوالفقار علی |

**سوال** براہینِ احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱ میں ''یَنۡصُرُکَ رِجَالٌ نُّوۡحِیۡۤ اِلَیۡہِمۡ مِّنَ السَّمَآءِ'' الہام درج ہے۔"یعنی ایسے لوگ تیری۔۔۔کریں گے جن پر ہم آسمان سے وحی نازل کریں گے (خالی جگہ پُر کریں)

| | |
|---|---|
| A. | اہانت |
| B. | مدد |
| C. | اطاعت |
| D. | بیخ کنی |

## حصہ چہارم: خطباتِ جمعہ حضرت خلیفۃ المسیح۔ سلیبس: حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۱ اکتوبر ۲۰۱۳

**سوال:** حضرت مسیح موعودؑ ایک جگہ فرماتے ہیں کہ "میں اس لیئے بھیجا گیا ہوں کہ تا۔۔ کو قوی کروں اور خدا تعالیٰ کا وجود لوگوں پر ثابت کر کے دکھلاؤں" (خالی جگہ پُر کریں)

| | |
|---|---|
| A. | اسلام |
| B. | ایمانوں |
| C. | جماعت |
| D. | تقویٰ |

**سوال:** حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ "لازم ہے کہ انسان ایسی حالت بنائے رکھے کہ ۔۔۔۔۔۔ بھی اُس سے مصافحہ کریں؟ (خالی جگہ پُر کریں)

| | |
|---|---|
| A. | لوگ |
| B. | فرشتے |
| C. | بچے |
| D. | اولیاء |

**سوال:** شرائط بیعت میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ اپنی خداداد صلاحیتوں سے۔۔۔۔۔۔ کو فائدہ پہنچاؤ (خالی جگہ کریں)

| | |
|---|---|
| A. | اسلام |
| B. | مذہب |
| C. | بنی نوع |
| D. | احمدیوں |

**سوال:** حضرت مسیح موعودؑ نے فرمایا "ہمارا مطلب یہ ہے کہ بالکل ایسے۔۔۔۔۔ ہو جاویں کہ دین کے سامنے امور دنیوی کی حقیقت نہ سمجھیں اور قسما قسم کی غفلتیں جو خدا سے دوری اور مہجوری کا باعث ہوتی ہیں وہ دور ہو جاویں۔ جب تک یہ بات پیدا نہ ہو اس وقت تک حالت خطرناک ہے اور قابل اطمنان نہیں" (خالی جگہ پُر کریں)

| | |
|---|---|
| A. | متقی |
| B. | سچے مومن |
| C. | پاک اور بے لوث |
| D. | مسلمان |